کے بحرِ ناپید اکنار، نورِ معرفت کے شناور اور علوم نبوت کے غواص تھے افسوس کہ ان کے سانحۂ ارتحال کے بعد ان کی عظمتِ شان کے مطابق کوئی سوانح یا کوئی نمبر نہ آسکا۔ الفیصحہ چارسدہ کے دوستوں نے مقدور بھر کوشش کی ملک و بیرون ملک کے اکابر سے مواد جمع کیا کتابت بھی کرائی تو اس کے چھاپنے کی سعادت حضرت کے برخوردار صاحبزادہ محمد داؤد جان کے حصے میں آئی جو نقوش حضرت افغانی کے نام سے منظرِ عام پر آچکی ہے جس میں جید علما کرام، فضلا، علماء کے تحقیقی مقالہ جات اور مضامین شامل ہیں حضرت کی سیرت و سوانح کا یہ نقش اول ہے امید ہے کہ صاحبزادہ صاحب موصوف کیلئے اور ان کے قائم کردہ "ادارہ شمس المعارف" کے لیے یہ مہمیز کام دے گا آئندہ کے نقوش پہلے کی نسبت کئی گنا بہتر اور جامع ہوں گے۔

حرب اسلامی اور دفاع پاکستان

تحریر: کیپٹن فضل ربی، صفحات ۲۱۶، قیمت ۱۳۵ روپے
ناشر: مکتبہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

جناب کیپٹن فضل ربی ایک جید عالم دین دارالعلوم حقانیہ کے فاضل ہیں ان کی کامیاب حرب اسلامی اور دفاع پاکستان پر ایک جامع تحریر، ہمہ پہلو حادی مضمون، سلاست، استنباط اور استناد کے لحاظ سے جامع اور اپنی معقولیت اور افادیت کے اعتبار سے منفرد خصوصیات کی حامل ہے موصوف دارالعلوم حقانیہ کے روحانی فرزند ہیں ان کا یہ مقالہ ادارۂ علمی کے لیے باعث افتخار ہے موصوف نے پاکستان کے دفاعی استحکام کے لیے جو موثر تجاویز اور جن واقعاتی امور کی نشاندہی کی ہے وہ پاک فوجی قیادت اور ملکی سیادت کے لیے قابل توجہ ہیں اگر قومی قیادت خلوص دل سے ان خطوط کو اپنے لائحہ عمل میں اختیار کر لے تو خدا کی نصرت شامل حال ہوگی قومی اتحاد اور ملکی استحکام میں ترقی ہوگی، سیرت نبویؐ جہاد اسلام، غزوات رسولؐ اور تاریخ کے کئی ابواب اس میں آگئے ہیں مطالعاتی حلقوں کے لیے مفید اور نادر تحفہ ہے۔

ماہنامہ عالم اسلام اور عیسائیت

قیمت فی شمارہ ۱۰ روپے سالانہ زراعانت ایک سو روپیہ۔
ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، نصر چیمبرز مرکز الف ۷، اسلام آباد۔

انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز ایک منفرد ادارہ ہے جو اس ضرورت کے تحت قائم کیا گیا ہے کہ پاکستان اور عالم اسلام کے مسائل پر آزادانہ تحقیق اور بحث مباحثہ کرے، مختلف اہم مسائل کی نشاندہی کرے اور ان پر متبادل نقطۂ نظر پیش کرے۔ انسٹی ٹیوٹ پاکستان اور عالم اسلام کے ان اہل علم اور ماہرین کے لیے ایک بنیادی پلیٹ فارم ہے جو اپنی علمی اور فنی لیاقت سے اسلامی دنیا کی اپنی اقدار کے مطابق تعمیر نو کرنا چاہتے ہیں اسی مقصد کے پیش نظر انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز نے زیر تبصرہ جریدہ کا اجراء کیا ہے جس میں عیسائی۔